DHOLAK

شوری فلم کا ایک اور شاندار شاہکار

ڈھولک

تین ایک آرٹ

اداکاران

مینا اجیت - یشودھرا کاٹجو - مجنوں - شکنتلا وغیرہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اسٹوری

ہر زندگی کا کوئی مقام ہے۔ اور اس مقام یا منزل کا فیصلہ قدرت زندگی کے وجود میں آنے سے پہلے ہی کر چکی ہے اس چند سانسوں کی زندگی کو اپنی منزل تک پہنچنے کے لئے سینکڑوں دشوار گزار راستوں سے گزرنا پڑتا ہے ہر راہ کانٹوں سے اٹی پڑی ہے۔ ہر سانس ایک نیا الجھاؤ محسوس کرتا ہے۔ اور کرتا رہیگا۔

منوہر ممونا نے بھی یہی کچھ محسوس کیا۔ اُن کی نظروں میں بھی ایک سُہانی منزل تھی۔ بچپن ہی سے اُن دو معصوم زندگیوں نے اپنی منزل کی طرف بڑھنا چاہا۔ منزل قریب تھی لیکن ہر نیا دن انوکھا واقعہ اُن کی منزل کو اُن سے اور دور لے جا رہا تھا رائے صاحب اسی گاؤں کے ایک بہت بڑے ساہوکار کی رال حسن کی دیوی مونا کو دیکھکر ٹپکنے لگی۔

(باقی پردہ سیمین پر دیکھیں)

گانے

نمبر ۱

ہلا گلا لائی لا۔ کھلم کھلا۔ لائی لا۔ کھلم کھلا

عیش کر لو دوستو۔ کالج کی دیواروں میں

کل سے بکھرے جاؤ گے۔ سب کے سب بیکاروں میں
چھوٹی موٹی نوکری ڈھونڈو ان کے اخباروں میں"
آج نہیں تو کل ملیگی دل کو یہ سمجھائی لا۔ ہلا گلا لائی لا......
لوگ کہیں گے بابوجی ہیں بی اے کرکے آئے ہیں
کئی سال کئی مہینے پانی بھر کے آئے ہیں۔
پکے پھوٹی پائی نہیں ہے۔ سائیکل پر چڑھ کر آئے ہیں
بھیس...... سڑکوں پر آوارہ پھر تیز لاوا لیا گاتی لا
ہلا گلا۔ لائی لا
....
منوہر۔ مال روڈ پر ہم نے کل ایک رٹھی دیکھی جائی لا
ٹھک ٹھمک چلتے چلتے۔ اسکا گرا ہوا رومال لایجو، بھی دیا بھائی
مونا۔ ایک گلی میں ہم نے کل ایک رٹھا دیکھا جائی لا۔ ہلا گلا لائی لا.....
رحمت اللہ۔ ہلا گلا۔ لائی لا۔ نمبر ۳
چاندی کی سندر نگری میں پریوں کی، پریوں کی رانی رہتی تھی
پریوں کی۔ پریوں کی رانی رہتی تھی۔ چاندی کی سندر نگری میں
تاروں کی سندر ڈولی میں
گیتوں کی میٹھی بولی میں۔ وہ پریم کہانی کہتی تھی۔ پریوں کی
پریوں کی......
منوہر۔ ہاں پھول کھلے تھے
....

کلی کلی لہراتی تھی - مسکاتی تھی -

ساری بگیا رانی صاحب مسکاتی تھی

پریوں کی پریوں کی رانی - اکدن شہزادے نے کچھ دیکھا

دیکھا سپنا - سپنے میں رانی کو دیکھا - کھو بیٹھا دل اپنا -

ہاں اُدھر بیٹھا دیش انکو کھلے بیکرمن میں آس

دو نینوں میں رچی ہوئی تھی جنم جنم کی پیاس -

پریوں کی - پریوں کی رانی آئی - سوئی ہوئی تھی سندر رانی

مُندے پڑے تھے - نین جاگ رہے تھے -

لاکھوں سپنے کرتے تھے بیچین - آہٹ پا کر جاگی رانی

کھُلے نین کے دوار - کورس - آہٹ پاکر ......

منوہر - جاگ اُٹھا انگڑائی لیکر - دو ہردوں میں پیار -

کورس جاگ اُٹھا ......

نمبر ۳

چھلک رہا ہے - چھلک رہا ہے - نگاہوں سے پیار تمہارا

چھلک رہا ہے -

وہ کہہ گئے تھے کہ آئیں گے - آئیں گے - اور آ نہ سکے -

خطا ہوئی جو کیا اعتبار تھوڑا سا - چھلک رہا ہے ...

تمہارے سر کی قسم تم سے پیار نہ کرتے ...

جو دل پہ ہوتا ہمیں اختیار تھوڑا سا۔ چھلک رہا ہے..
کہا جو میں نے کہ ہم تم پہ۔ تم پہ جان دیتے ہیں
تو ہنس کے بولے.... ہوں۔ ہاں۔ تو ہنس کے بولے
ابھی انتظار تھوڑا سا۔ چھلک رہا ہے........

نمبر ۵

منوہر۔ مگر اے حسینۂ بے خبر ذرا دیکھو چکے سے ایک نظر
میں ہوں بیقرار نہیں نہیں۔ مجھے تجھ سے پیار نہیں نہیں
مگر اے حسینہ بے خبر.......
مونا۔ مگر اے رسیلے سے نوجوان۔ نہ سنا محبت کی داستان
ترا اعتبار نہیں نہیں۔ مجھے تم سے پیار نہیں نہیں۔
مگر اے رسیلے سے نوجوان۔
منوہر۔ تو کہے اگر تو میں جانوں دل۔ تری اک نگاہ پہ وار دوں میں
فلک کے تاروں کو توڑ کر
تری اُوڑھنی کو سنوار دوں۔ مگر اے حسینہ بے خبر...
مونا۔ تم حسین بھی ہے نوجوان بھی ہے۔ کوئی کہہ دے تجھ میں کمی کیا
کوئی کاش تجھ کو بتا سکے۔ کہ دل لگانا نہیں ہے کیا۔
کوئی کاش
......
کروں آنکھ چار نہیں نہیں۔ مجھے تجھ سے پیار نہیں نہیں

منوہر۔ میرے حسینہ بے خبر، دونوں میں ہوں بیقرار
ہنس ہنس۔ مجھے تجھ سے پیار نہیں نہیں۔
مگر اے حسینہ بے خبر۔ مگر اے رسیلے نوجوان

نمبر ۵

منوہر۔ اک پل رک جانا سرکار نہ مارو دو منو نکی مار
اک پل رک جانا سرکار
مونا۔ اک پل ہٹ جانا سرکار
جھوٹے تم ہو تمہارا پیار۔ اک پل ہٹ جانا سرکار
ہو اک اور سہارا ڈھونڈیں
چل کر نیا دوارہ ڈھونڈیں۔ کہ اب تو ہوگئے ہیں بیکار
نا گمیں چل کر کہیں اُدھار۔ کہ اک پل ہٹ جانا۔
منوہر۔ اک پل ہٹ جانا سرکار نہ مارو......
یہ دل لگنے کی باتیں۔ ہم دور رہنے کی باتیں۔ کہ اک پل ہٹ جانا
اک پل رک جانا۔
مونا۔ اک پل ہٹ جانا سرکار۔ جھوٹے تم ہو تمہارا پیار
کہ اک پل ہٹ جانا۔
ہو دل پھٹ گیا ہو تو سی لو
چاہے مرجاؤ یا جی لو۔ اک پل ہٹ جانا سرکار

جھوٹے تم ہو تمہارا پیار
منوہر۔ ایک ہی ہٹ جانا

نمبر ۶

شیلا۔ میرے دل میں آیئے۔ میری نظر میں آیئے
دونوں گھر ہیں آپ کے۔ چاہے جہاں بس جایئے۔
میرے دل میں آیئے۔ میرے دل میں کھلتے مرفی اگر آکی
آیئے کہ میری دنیا منتظر ہے آ ... بسا ورنہ ... ہائے
دونوں گھر ہیں آپ کے ... ہے ....
مار ڈالے گی ہمیں یہ بے رخی ... آپ ... آیئے
آپ کے سر کی قسم یہ دل لگی اچھی نہیں۔ یہ بے رخی اچھی نہیں
بن کے آجایئے اب نہ تڑپایئے۔ میرے دل میں میری نظر میں۔
کیا خبر ہے یہ حسین راتیں رہیں یا نہ رہیں۔ مدبھری آنکھوں کی باتیں ہیں
مسکراتے آیئے اور مسکراتے جایئے۔ میرے دل میں آیئے

نمبر ۷

موہنا۔ موسم آیا ہے رنگین۔ بجی ہے کہیں سریلی بین۔
ایسے میں ہو گئے ہو گئے ہولے آ۔ موہنا منوہر۔
موسم آیا ہے رنگین۔ بجی ہے ہولے ہولے آ۔

کورس ۔ موسم آیا ہے ۔ مونا ۔ پھول کھلے کلیاں شرمائیں
رُت مستی کی آگئی ۔ کورس ۔ رُت آگئی ۔
نیلے نیلے امبر پر بن بوچھے بدلی چھاگئی
مونا ۔ کھلا ہے خوشیوں کا بازار
کریں گے نینوں کا پیار ۔
ایسے میں ہوئے ہوئے آ ۔ کورس ۔ موسم آیا سہانا
مونا جھوم جھوم کے ڈالی ڈالی ۔ جھوم رہا ہے من لہرائے
کوئی آوارہ ڈھونڈیے
کہیں چل کر کہیں اُدھار ۔ مونا ۔ وہ نینوں سے اوجھل
امنگ ہو ۔ ا ک ۔ ۲ پھٹ جانا سر کا ڈنیا ۱۱
کسی کی جیت کسی کی ہار ۔
ایسے میں ہوئے ہوئے آ ۔
کورس ۔ موسم آیا رنگین ۔
بجے کہیں سُریلی بین ۔
ایسے میں ہوئے ہوئے آ ۔

ختم شد ۔

سب فلمی کتابیں ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بُکسیلرز دریبہ کلاں دہلی